07/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

دن

آج صحت سے متعلق عالمی دن ہے ۔ اس دن کا مقصد بنی نوع انسان کے علاوہ حیوانات اور نباتات کی اچھی صحت کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ اس سلسلے میناس سال کا موضوع "Togather for Health- Stand with Science" مقررکیا گیا ہے۔

ایل جی صحت

صحت کے عالمی دن پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اپنے ایک پیغام میں ڈاکٹروں ، نرسوں اور طبی و نیم طبی عملے کے باقی افراد کے کام کی سراہنا کی ہے ۔ انہوں نے ان افراد کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہاہے کہ طبی و نیم طبی عملہ قوم کو صحت مند رکھنے میں ایک اہم رول ادا کر تے ہیں۔

رانا

جل شکتی اورقبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے جامع محمدیہ قاسمیہ کے تعلیم و اخلاقی اقدار کے فروغ اور سماجی اصلاح میں نمایاں رول کی سراہنا کی ہے۔

Seeri Khawaja میں واقع ادارے کے دورے کے دوران انہوں نے پونچھ ضلعے کے وہاں کی انتظامیہ اور دانشوروں کے ساتھ دینی اور عصری تعلیم کے امتزاج پر تفصیلی گفتگو کی۔

وزیر نے کہا کہ سماجی اصلاح، منطقی اخلاقیات اور فکری ترقی کے لیے کام کرنے والے ادارے موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل رہیں گے۔

اس دوران وزیر موصوف نے جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز میں گوجری شعبے کے مدیر جاوید راہی کے گھر جا کران کے والد نور محمد نور کے انتقال پر ان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔

سوہن لال

کشمیر کی ثقافتی اور ادبی دنیا میں ایک اہم پیش رفت کے طور ”دی کشمیری ایجوکیشن، کلچر اینڈ سائنس سوسائٹی “نے اپنا قائم کردہ نیا ” پروفیسر ہری کرشن کول ایوارڈ“ ممتاز ناول نگار اور ڈارمہ نویس ڈاکٹر سوہن لال کول کو عطا کیا ہے۔

یہ ایوارڈ انہیں لل دید آڈیٹوریم گریٹر کیلاش نئی دلی میں منعقد ہ ایک تقریب کے دوران دیا گیا۔

اس بارے میں ڈاکٹر سوہن لال کول نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

----Byte----

کنوکیشن

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کا39 واں سالانہ کنووکیشن آج نئی دلی میں منعقد ہو رہا ہے جس میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کر رہے ہیں۔ یونیورسٹی کے مختلف علاقائی مراکز میں بھی کنووکیشن کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد ہو رہا ہے ۔ سرینگر کے علاقائی مرکز کے اہتمام سے گورنمنٹ ڈینٹل کالج سرینگر میں ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے ۔

سرینگر

ڈپٹی کمشنر سری نگر، اکشے لابرو نے سرینگر کے گنڈبل علاقے کا دورہ کرکے وہاں گنڈبل پل اور آرم واری پل پر جاری فینسنگ اور اپ گریڈیشن کے کام کا جائزہ لیا۔

انہوں نے کہا کہ اپ گریڈ شدہ بنیادی ڈھانچہ رابطہ کاری اور عوامی حفاظت کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ علاقے میں آسان نقل و حرکت کو فروغ دے گا۔

ڈپٹی کمشنر نے سولنہ سرینگر قائم جسمانی طور خاص بچوں کے لئے مخصوص ادارے ابھینندن ہوم کا بھی دورہ کیا اور 9 کروڑ 99 لاکھ روپے کی لاگت سے بننے والی نئی جدید اسکول عمارت پر جاری کام کا جائزہ لیا۔

اننت ناگ

کے یاترا افسر بھی Axis ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ، جو کہ پہلگام ہیں، نے سبحان پورہ بیجبہاڑہ میں واقع یاتری نواس کا دورہ کرکے وہاں اس سال کی شری امرناتھ جی یاترا کی تیاریوں اور بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لیا۔یہ پروجیکٹ او این جی سی کے زیر اہتمام مکمل کیا جا رہا ہے، جس میں 1500 یاتریوں کے قیام کی گنجائش ہے۔

ڈی سی موصوف نے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ رابطہ سڑک اور پانی کی نکاسی کے کام بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ یاتریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلعے میں فلیگ شپ اسکیموں کی کامیاب عمل آوری کو یقینی بنانے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے

انہوں نے ضلع کے سب ڈویژن چاڈورہ کے ترقیاتی منصوبوں، شعبہ وار پیش رفت اور اہم عوامی مسائل کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا اور متعلقہ محکموں کو اس بارے میں ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی۔

ژالہ باری

جنوبی کشمیر میں کل شام ہوئی ژالہ باری کے نتیجے میں
میوہ

باغات کو کافی نقصان پہنچا ہے ۔ہمارے نمائندوں نے اطلاع دی ہے کہ شوپیان اور کولگام ۓ
اضلاع میں
میوہ

باغات کو پہنچے نقصان کے نتیجے ۓ
مینمیوہ

باغ مالکان سخت تشویش میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ متاثرین نے حکومت سے اس ضمن میں راحت ۓ
رسانی کے اقدامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

دریں اثناوزیر صحت سکینہ ایتو نے کل متاثرہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ بات کرکے صورتحال کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....